12/03/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

CDF

جموں کشمیر سرکار نے Constituency کے تحت ہر MLA ڈیولپمنٹ فنڈ کے سکیم کے تحت ہر کے لئے تین کروڑ روپے سالانہ مہیا رکھنے کا فیصلہ کیا ہے ۔ اس فیصلے سے ارکانِ اسمبلی اپنے اپنے چنا وحلقوں میں ترقیاتی کاموں کی سفارش کے علاوہ اہم ترقیاتی پروجیکٹوں کی نگرانی کر سکیں گے ۔ یہ رقم متعلقہ چناو حلقوں میں منظور شدہ تمام کاموں کی بر وقت تکمیل پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے لازمی خدمات اور بہبودی پروجیکٹوں کے لئے ضروری بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنے میں معاون ثابت ہو گی ۔

سکیم کی عمل آوری CDF محکمہ خزانہ کی جانب سے اس سلسلے میں ایک تفصیلی حکم نامہ جاری کیا گیا ہے ، جس میں متعلقہ ضلع ترقیاتی کمشنر کو اپنے چناو حلقے MLA کی نسبت سے ضوابط کا خاکہ کھینچا گیا ہے ۔ ضوابط کے تحت ہر میں سالانہ تین کروڑ روپے تک کے ترقیاتی کاموں کو ہاتھ میں لینے کی تجویز پیش کر سکتا ہے ۔ اس فنڈ کے تحت درِ دست کی طرف سے سفارش کردہ کوئی بھی کام MLAs لئے جانے والے کاموں کی تکمیل ایک سال کے اندر یقینی بنانی ہو گی ۔ دس لاکھ روپے کی لاگت سے تجاوز نہیں کر سکتا ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر

جہان آباد میں ہولی مِلن سمارو میں شرکت کی ۔ اس علاقے میں ہولی کا تہوار نہایت Sendhwa لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ہی جوش و خروش کے ساتھ منایا جاتا ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر نے سبھی کے بہتر مستقبل کے لئے نیک
تمناو

ں کا اظہار کرتے ہوئے عوام کو ہولی کی مبارک باد دی ۔ٔ

ڈپٹی کمشنر کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے متعلقہ افسرونکی ایک میٹنگ میں محکمہ جل شکتی کے جل جیون مشن کی اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے مشن کو ایک فلیگ شپ پروگرام قرار دیتے ہوئے متعلقہ افسروں اور فیلڈ عملے کو ہدایت دی کہ وہ اپنے اپنے حدِ اختیار میں آنے والے علاقوں میں مشن کے تحت ہر گھر کا احاطہ یقینی بنانے کے لئے قریبی تال میل کے ساتھ کام کریں ۔

ڈپٹی کمشنر موصوف کی صدارت میں منعقدہ ایک علیحدہ میٹنگ میں پردھان منتری ماتر وندنا یوجنا کا بھی جائزہ لیا گیا ۔ اس دوران انہوں نے ICDS ڈیپارٹمنٹ کو ہدایت دی کہ وہ باقی ماندہ مستحقین کی آدھار سیڈنگ کو جلد یقینی بنائیں ۔ واضح رہے کہ ماتر وندنا پوشن ابھیان کی ایک ذیلی سکیم ہے جس کے تحت دودھ پلانے والی
ماو

ں کو مدد فراہم کی جاتی ہے ۔ٔ

اینرولمنٹ مہم

محکمہ سکولی تعلیم کی جانب سے سرکاری سکولوں میں زیادہ سے زیادہ بچوں کا داخلہ یقینی بنانے کی غرض سے تعلیمی زون شانگس اننت ناگ میں ہائی سکول چوگام اور ہائر سیکنڈری سکول چکلی پورہ میں اینرولمنٹ مہم چلائی گئی ۔

مہم کے دوران مقامی لوگوں کے برملا تعاون سے موقعہ پر ہی 150 طالب علموں کا اندراج کرایا گیا ۔

پولیس

جموں کشمیر پولیس نے منشیات کے خلاف اپنی کاروائی کو جاری رکھتے ہوئے مزید چار سمگلروں کو گرفتار کر کے اُن کے قبضے سے نشیلی اشیاءکی کچھ مقدار بر آمد کر لی ہے ۔

پولیس نے تین افراد کو کدلہ بل پامپور میں لگائے گئے ایک ناکے سے گرفتار کر لیا ۔ ان کے نام نیو کالونی سمبَر بُگ کے نذیر احمد وانی اور جاوید احمد کاوا اور ڈورو میر میدان اننت ناگ کے مختار احمد میر بتائے گئے ہیں ۔

کرالہ پورہ کپواڑہ میں اسی طرح کی ایک کاروائی کے دوران پولیس نے اسی علاقے سے تعلق رکھنے والے منیر احمد لون نامی منشیات فروش کو گرفتار کر لیا ۔

دریں اثناءمنشیات کی نسبت سے جانکاری عام کرنے کی غرض سے ہندواڑہ پولیس نے نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ہندواڑہ مین ایک طبی کیمپ کا انعقاد کیا ۔ اس دوران نشے کے عادی افراد کو ضروری کاونسلنگ اور طبی مدد فراہم TRC کی گئی ۔

کھیلو انڈیا

عالمی سیاحتی مقام گلمرگ میں نو مارچ سے شروع ہوئے کھیلو انڈیا ونٹر گیمز کا آج آخری دن ہے ۔ گزشتہ تین دن کے دوران طے شدہ شیڈول کے مطابق ملک کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے سینکڑوں کھلاڑیوں نے برفیلے کھیلوں کے الگ الگ زمروں میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کرکے میڈل جیت لئے ۔

اختتامی تقریب پر نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کو آج انعام و اکرام سے نوازا جائے گا۔ اختتامی تقریب دن میں ڈیڑھ بجے کے قریب منعقد ہو رہی ہے جہاں امور نوجوان اور کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ اور دیگر سینئر متعلقہ عہدیدار بھی موجود رہیں گے ۔

واضح رہے کہ کھیلو انڈیا وِنٹر گیمز کے انعقاد سے متعلق جموں کشمیر سپورٹس کونسل اور دیگر متعلقہ اداروں نے احسن تیاریوں اور انتظامات کے ساتھ قومی سطح کے اس ایونٹ کی کامیاب تکمیل یقینی بنائی ہے ۔ کھیلوں میں شرکت کرنے والے کھلاڑیوں اور دیگر شائقین نے نہ صرف کشمیر وادی کی خوبصورتی کا نظارہ کیا بلکہ وہ یہاں کی مہمان نوازی سے بھی بے حد متاثر ہوئے ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ